شرائط وضوابط

معزز کسٹمر،

یہ حصہ آپ کو یو بی ایل کار فنانسنگ / لیزنگ پروگرام سے متعلق معلومات فراہم کرنے اور اس کے طریقۂ کار اور قابل اطلاق چارجز کو سمجھنے کے لیے تیار کیا گیا ہے:

۱۔ ٹرانزیکشن کے معاملے میں یو بی ایل کا کردار صرف گاڑی کی خریداری کے لیے فنانسنگ / لیزنگ دینے تک محدود ہے۔

۲۔ آپ فنانس / لیز پر دی جانے والی گاڑی کو منتخب کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔

۳۔ آپ فنانس / لیز پر دی جانے والی گاڑی کی مجموعی حالت کے ذمہ دار ہوں گے۔ آپ کی طرف سے ڈیلیوری قبول کیے جانے وار ڈیلیوری قبول کرنے کے فارم پر دستخط کیے جانے کے بعد گاڑی میں کسی بھی قسم کی خرابی یا نقص کی صورت میں یو بی ایل ذمہ دار نہیں ہوگا۔

۴۔ یو بی ایل گاڑی کی قیمت کے صرف ایک مخصوص حصے کے لیے فنانس / لیز فراہم کرے گا۔ رجسٹریشن، کیپیٹل ویلیو ٹیکس اور اخراجات سے متعلقہ دیگر تمام چارجز مکمل طور پر آپ کی ذمہ داری ہیں۔

۵۔ تمام بیرونی ایجنسی فیس اور چارجز آپ کو برداشت کرنے ہوں گے۔

۶۔ آپ کو یو بی ایل کی طرف سے فنانس / لیز کی رقم کی تقسیم سے پہلے اپنا تمام حصہ (ایکویٹی) پیش کرنا ہوگا۔

۷۔ آپ یو بی ایل سے پیشگی تحریری اجازت سے قبل واجب الادا کی مکمل یا جزوی پیشگی ادائیگی نہیں کریں گے۔ اگر یو بی ایل آپ کو کسی بھی قسط یا بقایا رقم کے کسی بھی حصے کی قبل از وقت ادائیگی کی اجازت دیتا ہے تو اُس صورت میں اجازت دینے کی شرط کے طور پر یو بی ایل کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ آپ سے قبل از وقت ادائیگی کے چارجز وصول کرے۔ ایسے چارجز کا تعین یو بی ایل اپنی صوابدید پر کرے گا۔

۸۔ کسی بھی قسم کے چارجز یا سروسز یا کسی بھی دیگر مقصد کے لیے براہِ مہربانی یو بی ایل کے کسی بھی ملازم یا نمائندے کو رقم کی ادائیگی نہ کریں۔ تمام ادائیگیاں بنام یو بی ایل کراسڈ چیک کی صورت میں کی جائیں گی۔

۹۔ یو بی ایل کسی بھی فنانسنگ / لیزنگ کی درخواست وجہ بتائے بغیر مسترد کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

۱۰۔ اگر ذیل میں واضح کردہ ٹوٹل کیش آؤٹ لے (TCO) کے لیے آپ کا چیک واپس ہو جاتا ہے تو یو بی ایل آپ کی درخواست کو مسترد کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

۱۱۔ آپ کو درج ذیل چارجز کی ادائیگی کرنی ہوگی:

ا۔ درخواست پر عملدرآمد اور دستاویز کی فیس

ب۔ پہلے سال کی انشورنس

ج۔ ایکویٹی

۱۲۔ بینک شرائط وضوابط میں ہونے والی کسی بھی قسم کی تبدیلی (تبدیلیوں) کو دستیاب ذرائع (سوشل میڈیا، اسٹیٹمنٹ، ایس ایم ایس، ای میلر، اِن ایپ نوٹیفکیشنز وغیرہ) سے مطلع کرے گا۔

آپ کی درخواست پر عملدرآمد تمام دستاویزات کے فراہم کیے جانے کے بعد کیا جائے گا۔

e-CIB:

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے الیکٹرانک کریڈٹ انفارمیشن بیورو کے تقاضے کے مطابق تمام بینکوں اور مالیاتی اداروں کے لیے لازم ہے کہ وہ قرض کی رقم سے قطع نظر قرضوں اور ایڈوانسز کی تمام معلومات اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو فراہم کریں۔ قرض کی معمول کی ادائیگی میں کسی بھی قسم کی نادہندگی یا تاخیر کی صورت قرضدار کی اہلیت کو متاثر کرسکتی ہے اور آپ بینکنگ سسٹم سے مزید فنانسنگ / لیزنگ حاصل کرنے میں ناکام ہوسکتے ہیں۔

براہِ مہربانی نوٹ فرمائیں کہ مقررہ تاریخ پر ادائیگی کرنا اور اچھا کریڈٹ ریکارڈ برقرار رکھنا ایک اہم ذمہ داری ہے۔ ایک شفاف کریڈٹ ریکارڈ برقرار نہ رکھنے کی صورت میں آپ کی درخواستیں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے eCIB / پرائیوٹ کریڈٹ بیورو(ز) کو روکی جاسکتی ہیں، جس سے تمام بینکوں کے ساتھ آپ کی ساکھ متاثر ہوسکتی ہے اور آپ کی کریڈٹ کی سہولیات اور سروسز تک رسائی محدود ہوسکتی ہے۔

۱۔ براہِ مہربانی درخواست کے ساتھ کوئی نقد ادائیگی مت کریں، درخواست کے سلسلے میں کسی بھی فرد کو دی گئی نقد رقم کا ذمہ دار یو بی ایل ہرگز نہیں ہوگا۔

۲۔ جب ایک بار قرض کی رقم آپ کو مل گئی تب ہر ماہ کی پہلی تاریخ سے قسط کی ادائیگی آپ پر واجب الادا ہوگی۔

۳۔ اگر آپ قرض کی رقم کا مکمل طور پر تصفیہ چاہتے ہیں تو اس عمل کو مہینے کے 25 تاریخ سے پہلے انجام دیں۔

۴۔ دو یا دو سے زائد اقساط کی عدم ادائیگی کی صورت میں یو بی ایل آپ کی گاڑی کو دوبارہ اپنے قبضے میں لینے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

۵۔ مینوفیکچر ر یا ڈیلر کے ذریعے مکمل معائنے کے بعد گاڑی کی بُکنگ کرنا کسٹمر کی ذمہ داری ہے۔ ایک بار پرچیز آرڈر جاری ہو جانے کے بعد گاڑی کی بُکنگ کے لیے ڈیلر یا مینوفیکچر ر سے مسلسل رابطے میں رہنا بھی کسٹمر کی ذمہ داری ہے۔